BRITISH COLUMBIA
Ministry of Education and Child Care



# طالب علم کی تعلیم کے بارے میں مطلع کرنا:



## والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات

# تعارف

جب آپ اسکول میں ہوا کرتے تھے، کیا آپ سے معلومات کو حفظ کرنے اور اسے ٹیسٹ میں دہرانے کے لیے کہا جاتا تھا، صرف اس کے فوراً بعد بھول جانے کے لیے؟ اب ہم جانتے ہیں کہ سیکھنا صرف یاد رکھنا نہیں ہے - تعلیم کا مقصد ہے کہ جو کچھ ہم جانتے ہیں اسے استعمال کرنے اور اسے حقیقی دنیا کی جگہوں میں لاگو کرنے کے قابل ہونا۔ آج یونیورسٹیز، کالجز اور آجر اس بات کی زیادہ پرواہ کرتے ہیں کہ طالب علم کی سوچ کیا ہے بمقابل اس کے کہ وہ کتنے حقائق کو دہرا سکتے ہیں۔

آج جو طلباء سیکھ رہے ہیں وہ ہمیشہ کے مقابلے میں کہیں زیادہ پیچیدہ ہے۔ برٹش کولمبیا نے آج کے سیکھنے والوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے صوبائی نصاب کو دوبارہ ڈیزائن کیا۔ نصاب آپ کے بچے کو پڑھنے، لکھنے اور ریاضی میں مضبوط بنیاد فراہم کرتا رہے گا۔ لیکن یہ آپ کے بچے کو یہ بھی سکھاتا ہے کہ کس طرح سوچنا، بات چیت کرنا، مسائل کو حل کرنا، اور اپنے علم کو ان طریقوں سے استعمال کرنا ہے، جو اسکول میں اہمیت رکھنے کے ساتھ ساتھ تیزی سے بدلتے ہوئے مستقبل میں کام آئیں۔

نیا نصاب 2019 سے تمام گریڈز میں ذیر عمل ہے، لیکن رپورٹ کارڈ اور طالب علم کے سیکھنے کے طریقہ کار میں کئی دہائیوں سے کوئی خاص تبدیلی نہیں آئی ہے۔ رپورٹ کارڈز اب نصاب کے ساتھ ہم آہنگ ہونے کے لیے، اور اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کے لیے تبدیل ہو رہے ہیں، کہ صوبے کے ہر طالب علم کو اپنی تعلیم میں کامیابی کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔

آپ کو شائد اپنی نصابی کتاب میں کسی باب کے آخرمیں یا امتحان کے بعد لیٹر گریڈ (letter grade) یا فیصد حاصل کرنا یاد ہوگا، جو آپ کو یہ اشارہ دے گا کہ سیکھنے کا عمل ختم ہو گیا ہے۔ آج ہم جانتے ہیں کہ طالب علموں کو اسائنمنٹ دینے یا ٹیسٹ مکمل کرنے کے بعد سیکھنا بند نہیں ہوتا۔ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ :

- طالب علم کی تعلیم کو لیٹر گریڈز (letter grades) کےعلاوہ دوسرے طریقوں سے بھی بتایا جا سکتا ہے
- طلباء کے سیکھنے کے بارے میں اساتذہ کی رائے طلباء کو سیکھنے کو جاری رکھنے میں مدد کر سکتی ہے۔
- طلباء اس وقت زیادہ شامل ہوتے ہیں جب انہیں اپنی تعلیم کو ظاہر کرنے کے بارے میں کچھ کا موقعہ دیا جاتا ہے

یہی وجہ ہے کہ طلباء کو کنڈرگارٹن سے گریڈ 9 تک چار نکاتی قابلیت کے پیمانے پر نمبر ملیں گے۔ (گریڈز 10 سے 12 کے طلباء کو اب بھی پوسٹ سیکنڈری تعلیم میں داخلے کی حمایت کرنے کے لیے لیٹر گریڈ اور فیصد ملے گا۔) اور تمام طلباء کے لیے رپورٹنگ میں اب خود کی عکاسی اور مقصد کا تعین شامل ہوں گے۔

ان تبدیلیوں کا مطلب یہ ہے کہ رپورٹ کارڈز شاید ویسے نہ دکھائی دیں جیسا کہ آپ کے اسکول میں ہوتے وقت ہوائے کرتے تھے۔ لیکن اب جو معلومات آپ کو موصول ہوں گی اس کی مکمل تصویر فراہم کرے گی کہ آپ کا بچہ کیا کر سکتا ہے، انہیں کہاں بہتری کی ضرورت ہے، اور آپ ان کے سیکھنے میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔ اس طرح کی رپورٹنگ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ طلباء نمبروں کے لیے مقابلہ کرنے کی بجائے سیکھنے پر توجہ دیں۔

رپورٹ کارڈز میں کی جانے والی تبدیلیوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے پڑھیں۔



# اندر کیاہے؟

1.

## میرا بچہ کیا سیکھ رہا ہے؟

بی سی (BC) کے نصاب کا ایک عمومی جائزہ، جو یہ بتاتا ہے کہ آپ کے بچے کو کلاس میں کیا پڑھایا جا رہا ہے اور کن چیزوں کے بارے اسے جانچ کیا جا رہا ہے۔

2.

## مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میرا بچہ پڑھائی میں کیسا کر رہا ہے ہے؟

آپ اپنے بچے کے رپورٹ کارڈز پر جو تلاش کرنے کی توقع کر سکتے ہیں،یہ اس کا خلاصہ ہے، بشمول آپ کے بچے میں معذوری یا متنوع صلاحیت کی صورت مں

3.

## میرے بچے کو لیٹر گریڈز(letter grades) کیوں نہیں مل رہے ہیں؟

صوبائی مہارت کے پیمانے(Provincial Proficiency Scale) کی وضاحت اور گریڈ 9K- کے طلباء کے لیے اسے کیسے استعمال کیا جائے گا۔

4.

## وضاحتی رائے کیا ہے؟

آپ کے بچےکے رپورٹ کارڈز پر تحریری تبصروں میں آپ کیا توقع کر سکتے ہیں اس کی تفصیل

5.

## میرا بچہ خود کی عکاسی اور اہداف کا تعین کیوں کر رہا ہے؟

خود کی عکاسی اور اہداف طے کرنے کی مہارتوں کی اہمیت، اور آپ کا بچہ ان شعبوں میں کیسے ترقی کرے گ۔


6.

## مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میرا بچہ گریجویٹ ہونے کےلیےصحیح راستے پر ہے؟

بی سی (BC) میں گریجویشن کے مختلف راستوں کے بارے میں معلومات، اور آپ کیسے اس بات کا یقین کر سکتے ہیں کہ آپ کا بچہ گریجویشن کےلیے صحیح راستے پر ہے۔

BRITISH COLUMBIA

# میرا بچہ کیا سیکھ رہا ہے؟



## بی سی کا نصاب(BC)

- سیکھنے کے لیے اعلیٰ معیارات مرتب کرتا ہے۔
- اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ آپ کے بچے کو ہر جماعت میں کیا پڑھایا جائے گا۔
- اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ کا بچہ پڑھنے، لکھنے اور ریاضی کے لیے ایک مضبوط بنیاد تیار کرے۔
- آپ کے بچے کی بات چیت، سوچ، مسئلہ حل کرنے کی اور سماجی مہارتوں کو تیار کرتا ہے۔
- آپ کے بچے کی فلاح و بہبود کی حمایت کرتا ہے۔
- آپ کے بچے کو اسکول میں کامیابی کے لیے اور مستقبل میں روزگار کی جگہ کے لیے تیار کرتا ہے۔



## بی سی (BC) کے نصاب کو دوبارہ ڈیزائن کیوں کیا گیا؟

جب آپ اسکول میں تھے، ممکنہ طور پر سیکھنے کا طریقہ یہ تھا کہ معلومات کو حفظ کرنے اورپھر اسے ٹیسٹ میں دہرانےکے لیے کہا جاتا تھا، لیکن اس کے فوراً بعد ہی اسے بھلا دیا جاتا تھا۔ اب ہم جانتے ہیں کہ اچھی تعلیم کا مطلب صرف یاد رکھنا نہیں ہے – بلکہ اس کا مطلب ہے کہ ہم جو کچھ جانتے ہیں، اسے حقیقی دنیا کی جگہوں میں استعمال کرنے کے قابل ہونا۔ یونیورسٹیز، کالجز، اور آجروں کو اب اس بات کی زیادہ پرواہ ہے کہ طلباء کس طرح سوچتے ہیں بمقابل اس کے کہ وہ کتنے حقائق کو یاد کر سکتے ہیں اور پھر یادداشت سے دھرا سکتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ طلباء کو جو پڑھایا جاتا ہے، بی سی (BC) نے اسے تبدیل کر دیا ہےاور اب ان کو جانچنے کے طریقے کو تبدیل کر رہا ہے۔ والدین اور دیکھ بھال کرنے والے توقع کرتے ہیں کہ ان کا بچہ اسکول میں بنیادی باتیں سیکھے - پڑھنا، لکھنا، اور ریاضی۔ نئے سرے سے ڈیزائن کیے گئے نصاب میں، یہ مضامین اہم ہیں، لیکن یہ طلبہ کی تعلیم کا واحد اہم حصہ نہیں ہیں۔

بی سی (BC) کا نصاب آپ کے بچے کو ان اہم مہارتوں میں مضبوط بنیاد فراہم کرتا رہے گا۔ یہ آپ کے بچے کو یہ بھی سکھائے گا کہ کس طرح سوچنا، بات چیت کرنا، مسائل کو حل کرنا، اور اپنے علم کو ان طریقوں سے استعمال کرنا ہے، جو اسکول میں اہمیت رکھنے کے ساتھ ساتھ تیزی سے بدلتے ہوئے مستقبل میں کام آئیں۔

## پڑھانا اور سیکھنا

جب آپ اسکول میں پڑھتے تھے اس وقت کے مقابلےمیں آج کا کلاس روم مختلف ہے۔ آپ کو غالباً صرف درسی کتابوں یا ورک شیٹس سے کام کرنا یاد ہوگا۔ طلباء اب بہت سے طریقوں سے سیکھتے ہیں، اکثر کلاس روم کے اندر اور باہرکے تجربات کے ذریعے۔ وہ اپنی تعلیم کو مختلف طریقوں سے بھی ظاہر کرتے ہیں۔
ان کے سیکھنے میں مدد کرنے کے لیے، اساتذہ اسباق تخلیق کرتے ہیں جو طلباء کو موضوعات کو دریافت کرنے اور اہم مواد سیکھنے کی اجازت دیتے ہیں۔ اس کے بعد آپ کے بچے کا استاد طلباء کا مشاہدہ کر سکتا ہے اور ان کے ساتھ اس بارے میں بات چیت کر سکتا ہے کہ انہوں نے کیا سیکھا اور وہ اپنی تعلیم کو کیسے لاگو کر سکتے ہیں۔ استاد آپ کے بچے کی تعلیم کا اندازہ لگانے کے لیے وہ تمام معلومات استعمال کریں گے، جو انہوں نے جمع کی ہیں، بشمول وہ کام جو آپ کے بچے نے جمع کیا۔ وہ اس بات کا بھی تعین کریں گے کہ آپ کے بچے کی تعلیم کا اگلا قدم کیا ہو گا یا اسے کس چیز کو بہتر کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

## تعلیم کے شعبے

سیکھنے کے شعبے وہ مضامین ہیں جو آپ کے بچے کو کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک پڑھائے جائیں گے۔ ان میں شامل ہیں انگلش لینگویج آرٹس (English Language Arts)،فرانسے لانگو پریمیئغ (Français langue premiere)، یا فرانسے لانگو سیگونڈ (Français langue seconde)، نیز:

- اپلائیڈ ڈیزائن، مہارتیں، اور ٹیکنالوجیز (خریداری، خوراک، اکاؤنٹنگ، کمپیوٹر پروگرامنگ، وغیرہ)
- فنون کی تعلیم (رقص، ڈرامہ، موسیقی، آرٹ، وغیرہ)
- کیریئر کی تعلیم
- زبانیں (فرسٹ نیشنز(First Nations) کی زبانیں، فرانسیسی اور دیگر زبانیں)
- ریاضی
- جسمانی اور صحت کی تعلیم
- سائنس (لائف سائنس، ماحولیاتی سائنس، طبیعیات، وغیرہ)
- سماجی علوم (بی سی (BC) کے فرسٹ پیپلز(First Peoples)، قانون، عالمی تاریخ،
- فرانکوفون کی تاریخ اور ثقافت، وغیرہ)

تعلیم کے تمام شعبے تعلیم یافتہ شہریوں کی تخلیق کے لیے اہم ہیں۔ آپ کا بچہ کسی خاص وقت میں کیا سیکھ رہا ہے اس کا انحصار سال کے وقت اور اس شیڈول پر ہو گاجو آپ کے بچے کا اسکول استعمال کرتا ہے۔

## تعلیمی معیارات

تعلیم کے ہر شعبے میں تعلیمی معیارات ہوتے ہیں جو یہ بتاتے ہیں کہ آپ کے بچے کو کیا جاننا چاہیے، کیا کرنا چاہیے اورکیا سمجھنا چاہیے۔
تعلیمی معیارات وہ ہیں جو آپ کے بچے کو ہر گریڈ کی سطح پر پڑھائے جاتے ہیں اور ان معیارات کی بنیاد پر ان کے رپورٹ کارڈ کے لیے ان کا کیا جائزہ لیا جاتا ہے۔




## بنیادی اہلیتیں (Core Competencies)

بنیادی اہلیتیں(Core Competencies) سیکھنے کے تمام شعبوں میں مربوط ہیں۔ یہ وہ مواصلات، سوچ اور سماجی مہارتیں ہیں جن کی آپ کے بچے کو ابھی اور مستقبل میں کامیاب ہونے کے لیے ضرورت ہے۔

اساتذہ طلباء کا اندازہ بنیادی اہلیتوں کے بنا پر نہیں لگاتے ہیں۔ اس کے بجائے، آپ کے بچے کے تحریری رپورٹ کارڈز میں بنیادی اہلیت پر ان کی خود کی عکاسی اور سیکھنے کے لیے ان کے ہدف کا تعین شامل ہوگا۔



## سودیشی (انڈیجنس) تعلیم

کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک، آپ کے بچے کو بی سی (BC) میں فرسٹ نیشنز(First Nations) کے تناظر، تاریخ اور عصری سیاق و سباق کے بارے میں جاننے کے مواقع حاصل ہوں گے۔ اس شعبے میں سیکھنا، دیرپا اور بامعنی مفاہمت کی حمایت کرے گا۔ آپ کا بچہ پورے کینیڈا میں فرسٹ نیشنز، میٹیس اور انوئٹ ثقافتوں کی سمجھ حاصل کرے گا۔

BRITISH COLUMBIA

والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات

# مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میرا بچہ کیسا کر رہا ہے؟



## میرے بچے کا رپورٹ کارڈ کیسا ہوگا؟

**ہر تحریری اپ ڈیٹ میں شامل ہوں گے:**

- آپ کا بچہ سیکھنے کے ہر شعبے میں کیسا کر رہا ہے اس بارے میں معلومات
- آپ کے بچے کی ان طاقتوں اور شعبوں پر، جن پر انہیں کثرت کرنے کی ضرورت ہے، نیز ان کے کام کی عادات اور رویے پر تحریری تبصرے (تفصیلی آراء)
- مواصلات، سوچ، اور سماجی مہارتوں کے بارے میں معلومات جو آپ کے بچے کو کامیاب ہونے کے لیے درکار ہیں (بنیادی صلاحیتیں) اور آپ کے بچے کے ہدف کا تعین
- آپ کے بچے کی حاضری کے بارے میں معلومات

**نوٹ کریں:** گریڈ 10سے12 کے لیے، تعلیمی سال کی آخری تحریری اپ ڈیٹ آپ کو یہ بھی بتاتی ہے کہ آیا آپ کا بچہ گریجویٹ ہونے کے لیے صحیح راستے پر ہے۔

آپ کے بچے کے تعلیم کا آپ کے ساتھ اشتراک کرنے کا طریقہ بدل رہا ہے۔ یہ عمومی جائزہ آپ کو بتائے گا کہ آپ اپنے بچے کے رپورٹ کارڈ اور اساتذہ کی تازہ کاریوں (اپ ڈیٹس) سے کیا توقع کر سکتے ہیں۔

### مجھے اپنے بچے کے استاد سے کتنی بار اپ ڈیٹس حاصل ہوں گے؟

تعلیمی سال کے دوران، آپ کو اپنے بچے کے سیکھنے کے بارے میں 5 اپ ڈیٹس کی توقع کرنی چاہیے۔ اس میں 3 تحریری سیکھنے کے اپ ڈیٹس شامل ہوں گے (جو دیکھنے میں رپورٹ کارڈز کی طرح لگ سکتے ہیں)، اور 2 غیر رسمی سیکھنے کے اپ ڈیٹس(اس میں استاد کے ساتھ کانفرنسز، اور استاد کی فون کالز یا ای میلز شامل ہیں)۔

سیکھنے کے اپ ڈیٹس کے اوقات کے لیے اسکول شیڈول مقرر کرتے ہیں۔ تاہم، آپ کے بچے کے استاد آپ سے کسی بھی وقت رابطہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے بچے کا انفرادی تعلیمی منصوبہ آئی ای پی (Individualized Education Plan (IEP) ہے، تو آپ کو اسی طرح سیکھنے کے اپ ڈیٹس موصول ہوں گے جس طرح دوسرے والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کو ملتے ہیں۔ لیکن آپ کا بچہ اپنے آئی ای پی (IEP) کی بنیاد پر اضافی اپ ڈیٹس بھی حاصل کر سکتا ہے۔

# والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات

آپ کے بچے کے نمبر (گریڈ K-9 کے لیے مہارت کے پیمانے پر، اور لیٹر گریڈز یا گریڈ 10-12 کے لیے فیصد) اس سیکھنے پر مبنی ہیں جو اس نے ہر مضمون میں دکھایا ہے۔

## لیٹر گریڈز (Letter grades) اور فیصد

**اگر آپ کا بچہ گریڈ 10سے12 میں ہے**، تو اسے لیٹر گریڈز (letter grades) اور فیصد ملیں گے۔ طلباء کو فی الحال پوسٹ سیکنڈری تعلیم میں منتقلی کے لیے لیٹر گریڈز(letter grades) اور فیصد کی ضرورت ہوتی ہے۔

## صوبائی مہارت کا پیمانہ (The Provincial Proficiency Scale)

اگر آپ کا بچہ گریڈ K سے9 میں ہے، تو آپ کو اس کے رپورٹ کارڈ پر لیٹر گریڈز (letter grades) نظر نہیں آئیں گے۔ اس کے بجائے، آپ کو یہ معلومات نظر آئیں گی کہ آپ کا بچہ صوبائی مہارت کے پیمانے (The Provincial Proficiency Scale)پر کہاں ہے۔ پیمانہ طلباء کی تعلیم کو بیان کرنے کے لیے "ابھرتا ہوا"، "ترقی پذیر،" "ماہر" اور "توسیع" کی اصطلاحات استعمال کرتا ہے۔ پیمانہ طالب علم کی تعلیم کے لیے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھتا ہے۔

| ابھرتے ہوئے | ترقی پذیر | ماہر | توسیع |
|---|---|---|---|
| ابھرنے کا مطلب ہے کہ آپ کا بچہ سیکھنے کے شعبے میں کچھ سمجھنا شروع کر رہا ہے۔وہ اب بھی سیکھ رہے ہیں لیکن آگے بڑھنے کے لیے انہیں مزید مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ ابھرنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کا بچہ اس شعبے میں ناکام ہے۔ | ترقی پذیر ہونے کا مطلب ہے کہ آپ کا بچہ سیکھنے کے کسی شعبے میں کچھ چیزوں کو سمجھتا ہے لیکن ابھی بھی کچھ شعبوں میں محنت کرنے کی ضرورت ہے۔ ابھرتے ہوے کی طرح، اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کا بچہ اس شعبے میں ناکام ہے۔ | ماہر (Proficient) آپ کے بچے کا مقصد ہے۔ یہ تمام طلباء کے لیے بھی ایک مقصد ہے۔ جب آپ کا بچہ ماہر ہوتا ہے، اس کا مطلب ہے کہ وہ مطلوبہ تعلیم کو پوری طرح سمجھتا ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ان کا سیکھنا بند ہو جاتا ہے۔ | توسیع اس وقت ہوتی ہے جب طلباء گہری سمجھ کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ یہ تب ہوتا ہے جب آپ کا بچہ اپنی تعلیم کو نئے اور مختلف طریقوں سے لاگو کرنے کے قابل ہوتا ہے۔ سیکھنے کے ہر شعبے میں توسیع کرنا تمام طلباء کا مقصد نہیں ہے۔ |

## وضاحتی تاثرات

آپ کو تحریری تبصرے موصول ہوں گے جو واضح طور پر بتاتے ہیں کہ آپ کا بچہ اپنی تعلیم میں کہاں ہے اور کسی بھی ایسے شعبے کے بارے میں بتاتے ہیں جس میں انہیں مزید محنت کی ضرورت ہے۔ تبصرے مختصر اور سمجھنے میں آسان ہوں گے۔

## کام کی عادات اور رویہ

یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ درجہ بندی اور رپورٹنگ تادیبی ٹولز نہیں ہیں۔ آپ کے بچے کی کام کی عادات اور رویے کے بارے میں معلومات آپ کے بچے کے رپورٹ کارڈ پر لکھے گئے تبصروں میں ہوں گی۔ آپ کو تحریری رپورٹ موصول ہونے سے پہلے اساتذہ کوچاہیئے کہ آپ کو اور آپ کے بچے کو کسی بھی تشویش سے آگاہ کریں۔

## مجھے اپنے بچے کے لیے بنیادی اہلیت (Core Competencies)اور ہدف کے تعین کے بارے میں کیا معلومات حاصل ہوں گی؟

آپ کے بچے کی تحریری رپورٹوں میں بنیادی اہلیت (Core Competencies) اور ان کے ہدف کے تعین پر ان کی خود کی عکاسی شامل ہوگی۔

خود کی عکاسی اس وقت ہوتی ہے جب آپ کا بچہ ان مہارتوں کے بارے میں جو اس نے حاصل کی ہیں، اور وہ ان مہارتوں کو کیسے بڑھا سکتے ہیں، اس بارے میں وہ گہرائی سے سوچتے ہیں۔

آپ کا بچہ اپنی بات چیت، سوچ اور سماجی مہارتوں (بنیادی صلاحیتوں) پر غور کرے گا۔ جب آپ کا بچہ صلاحیتوں پر غور کرتا ہے، تو وہ فعال طریقے سے اپنی تملیم حاصل کرنے میں شامل ہو جاتے ہیں۔

آپ کا بچہ بھی اہداف طے کرے گا۔ جیسے جیسے وہ اہداف طے کرتا ہے اور انہیں حاصل کرنے کے لیے محنت کرتا ہے، آپ کا بچہ اپنے مستقبل کو تشکیل دینا شروع کر دے گا۔ جب انہیں کسی مسئلے کا سامنا کرنا پڑتا ہے، تو وہ پھنسنے کے بجائے تخلیقی حل تلاش کرنے کا طریقہ سیکھیں گے۔

## حاضری

آپ کے بچے کی تحریری رپورٹوں میں حاضری کا ریکارڈ شامل ہوگا۔ حاضری آپ کے بچے کے نمبروں پر اثر انداز نہیں ہوتی، لیکن اس سے ان کے سیکھنے پر اثر پڑتا ہے۔ اساتذہ کو آپ کے بچے کی حاضری سے متعلق کسی بھی تشویش کے بارے میں آپ کو آگاہ کرنا چاہیے۔

## مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میرا بچہ گریجویٹ ہونے کے لیے صحیح راستے پر ہے؟

**اگر آپ کا بچہ گریڈ 10سے 12 میں ہے**، تو اسے تعلیمی سال کی اپنی آخری تحریری رپورٹ میں گریجویشن اسٹیٹس اپ ڈیٹ (graduation status update) ملے گا۔ یہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ آپ کے بچے اور آپ کے پاس وہ معلومات ہیں جو آپ کو گریجویشن کے لیے منصوبہ بندی کرنے کے لیے اور کسی بھی خدشات کو جلد از جلد حل کنے کے لیے درکار ہیں۔

# والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات

## اگر میرے بچے میں متنوع صلاحیت یا معذوری ہے تو کیا ہوگا؟

ہر طالب علم منفرد ہوتا ہے اور اپنے طریقے سے سیکھتا ہے، یہی وجہ ہے کہ اساتذہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے سخت محنت کرتے ہیں کہ ہر طالب علم اسکول کی زندگی کے تمام پہلوؤں میں حصہ لے سکے اور اپنا حصہ ڈال سکے۔ متنوع اورمشتمل کلاس رومز اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہر بچے کا خیرمقدم کیا جائے اور اس کی تعلیم کے حصول میں مدد کی جائے، خواہ اس کی صلاحیتیں جیسی بھی ہوں۔ کلاس رومز طلباء کے لیے قابل رسائی ہونے کے لیےڈیزائن کیےگئے ہیں تاکہ آپ کا بچہ بڑھ سکے، سیکھ سکے اور کامیاب ہو سکے۔

اگر آپ کے بچے کو سیکھنے کی مخصوص ضروریات ہیں اور اسے اضافی مدد کی ضرورت ہے، تو انہیں ان کے رپورٹ کارڈ پر ابھرتا ہوا (ایمرجنگ)، ترقی پزیر( ڈیولپنگ) ، یا کم لیٹر گریڈ خود بخود نہیں دیا جائے گا۔ ان کے رپورٹ کارڈ میں ان کے سیکھنے کی بنیاد پر، جس کا انہوں نے مظاہرہ کیا ہے ایک نمبرشامل ہوگا ۔اور اس پر تحریری تبصرے لکھے ہوں گےکہ وہ اپنی تعلیم میں آگے کہاں جا سکتے ہیں۔

چاہے آپ کا بچہ انگریزی زبان سیکھنے والا ہو، فرانکوفون پروگرام میں فرانسیسی زبان سیکھنے والا ہو، یا اس میں معذوری یا متنوع صلاحیت ہو، اس کی ہر قدم پر مدد کی جائے گی۔ رپورٹ کارڈ کے وقت، آپ کے بچے کو ان کا رپورٹ کارڈ اپنے ساتھیوں کے ساتھ ایک ہی وقت میں ملے گا۔

## کیا میرا بچہ اپنے سیکھنے میں مدد کے لیےٹولزاور حکمت عملی استعمال کر سکتا ہے؟

تمام طلباء اپنے سیکھنے میں مدد کے لیے ٹولز اور حکمت عملیوں کا استعمال کرتے ہیں، نہ کہ صرف انفرادی تعلیمی منصوبہ (آئی ای پی) (Individual Education Plan (IEP)) یا سالانہ تعلیمی منصوبہ (اے آئی پی) (Annual Educational Plan (AEP) والے طلباء۔ اگر آپ کا بچہ کوئی مخصوص ٹول یا حکمت عملی استعمال کرتا ہے، جیسے کہ اسپیچ ٹو ٹیکسٹ (Speech to Text) کا استعمال کرنا یا ٹیسٹ دینے کے بجائے زبانی پیشکش دینا، تو اس کے نمبروں پر منفی اثر نہیں پڑے گا۔

آپ کے بچے کو کس قسم کی مدد ملے گی اس کا انحصار ان کی ضروریات پر ہے اور ہو سکتا ہے کہ ان کے رپورٹ کارڈ پر اسے درج نہ کیا گیا ہو۔ اس کے بجائے، آپ کو یہ معلومات ان کےآئی ای پی (IEP)،اے آئی پی (AIP)، اور/یا اسکول کی تخلیق کردہ کسی اور دستاویز میں ملے گی۔





## اگر میرا بچہ انگریزی زبان سیکھنے والا (English Language Learner) ہے تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کے بچے کی انگریزی زبان کی مہارت ان کے لیے اپنی تعلیم کو مکمل طور پر ظاہر کرنا مشکل بناتی ہے، تو ہو سکتا ہے کہ انھیں نمبر نہ دیا جائے۔ اس کے بجائے، ان کے رپورٹ کارڈز پر لکھے ہوئے تبصرے ہوں گے جس میں یہ بیان کیا جائے گا کہ آپ کا بچہ کیا کر سکتا ہے اور کن شعبوں میں اسے محنت کرنے کی ضرورت ہے جبکہ ان کی انگریزی زبان کی مہارتیں ترقی کر رہی ہیں۔

ایک بار جب آپ کے بچے کو انگریزی کی مہارت حاصل ہو جائے گی جس سے وہ اپنی سیکھنے کا مظاہرہ کر پائے، تو اسے اس کے رپورٹ کارڈ پر مہارت کے پیمانے کا انڈیکیٹر (Proficiency Scale indicator) یا لیٹر گریڈ (letter grade) اور فیصد (percentage) دیا جائے گا۔



## اگر میرے بچے کا اندازہ صرف اس کے آئی ای پی (IEP) کے اہداف پر کیا جائے تو کیا ہوگا ؟


عام طور پر، طلباء کا اندازہ نصاب کے سیکھنے کے معیارات (Learning Standards) پر کیا جاتا ہے۔ آئی ای پی (IEP) والے زیادہ تر طالب علموں کا اندازہ سیکھنے کے معیارات (Learning Standards)پر کیا جاتا ہے۔ بہت کم طالب علموں کا جائزہ سیکھنے کے معیارات (Learning Standards) کے بجائے ان کے آئی ای پی (IEP) میں بیان کردہ اہداف پر کیا جائے گا۔ ان صورتوں میں، ابھی بھی کچھ مضامین ہو سکتے ہیں، جیسے آرٹ یا جم کلاس، جہاں آپ کے بچے کا ابھی بھی نصاب کے سیکھنے کے معیارات(Learning Standards) پر جائزہ لیا جائے گا۔

آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ نمبروں کا استعمال اس وقت نہیں کیا جا سکتا جب آپ کے بچے کا صرف ان کے آئی ای پی (IEP) کے اہداف پر اندازہ لگایا جا رہا ہو۔ ان کے رپورٹ کارڈ میں اب بھی وضاحتی تاثرات شامل ہوں گے جس میں یہ بیان کیا جائے گا کہ آپ کا بچہ کیا کر سکتا ہے اور جن شعبوں پر وہ اب بھی محنت کر رہا ہے۔

ہم سے رابطہ کریں: student.reporting@gov.bc.ca پر


BRITISH COLUMBIA

# میرے بچے کو لیٹر گریڈز (letter grades) کیوں نہیں مل رہے ہیں؟




## گریڈ K سے 9 میں مہارت کا پیمانہ(Proficiency Scales):

- اعلی معیار کو برقرار رکھتا ہے
- سیکھنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے
- آپ کو دکھاتا ہے کہ آپ کا بچہ کس مقام پر ہے
- آپ کو بتاتا ہے کہ آپ کے بچے کو ابھی بھی کن چیزوں پر محنت کرنے کی ضرورت ہے
- اسائنمنٹس کی واپسی اور رپورٹ کارڈ موصول ہونے کے بعد بھی طلباء کو سیکھنے کو جاری رکھنے میں مدد کرتا ہے
- تمام سیکھنے والوں کے لیے یہاں جگہ موجود ہے



## صوبائی مہارت کے پیمانے (Provincial Proficiency Scale) پر کیوں منتقل کیا جائے؟

جب آپ اسکول میں ہؤا کرتے تھے اور ٹیچر نے کوئی ٹیسٹ یا اسائنمنٹ واپس کیا ہو تو ممکناً طور پر کلاس میں موجود ہر شخص اپنے نمبروں کا موازنہ کرنے کے لیے دوڑا ہوگا۔ نمبروں نے اس بات پر توجہ مرکوز کرنے کے بجائے کہ طلباء کیا سیکھ رہے ہیں، موازنہ کی حوصلہ افزائی کی۔

اگر آپ کا بچہ گریڈز K سے 9 میں ہے، تو آپ کو اس کے رپورٹ کارڈ پر لیٹر گریڈز(letter grades) نظر نہیں آئیں گے۔ اس کے بجائے، آپ کو یہ معلومات نظر آئیں گی کہ آپ کا بچہ صوبائی مہارت کے پیمانے (Provincial Proficiency Scale) پر کہاں ہے۔ مہارت کا پیمانہ دوسروں کے ساتھ موازنہ کرنے کے بجائے سیکھنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔

مہارت کا پیمانہ آپ کو یہ بتاتا ہے کہ آپ کا بچہ اپنی تعلیم میں کہاں ہے، اور اسے کس چیز پر محنت کرنے کی ضرورت ہے۔ مہارت کے پیمانے (proficiency scale) پر فراہم کردہ معلومات کے ساتھ، آپ کو اپنے بچے کے استاد سے تحریری تبصرے موصول ہوں گے تاکہ آپ کو اس بارے میں مزید معلومات فراہم کی جا سکیں کہ آپ کا بچہ کس چیز پر محنت کر سکتا ہے۔

اگر آپ کا بچہ گریڈز 10سے12 میں ہے، تو آپ کو لیٹر گریڈز (letter grades) اور فیصد (percentages) نظر آتے رہیں گے۔ آپ تحریری تبصرے بھی دیکھیں گے کیونکہ وضاحتی تاثرات (descriptive feedback) اب گریڈ ز Kسے 12 کے تمام رپورٹ کارڈز کا حصہ ہوں گے۔

والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات

# صوبائی مہارت کا پیمانہ(The Provincial Proficiency Scale)

ابھرتے ہوئے | ترقی پزیر | ماہر | توسیع

## پیمانہ مجھے میرے بچے کی تعلیم کے بارے میں کیا بتاتا ہے؟

طلباء مختلف چیزیں جان کر اسکول آتے ہیں۔ اور وہ کچھ جو وہ جانتے ہیں وہ آگے جا کر ان چیزوں کو شکل دیں گے ، جو سیکھیں گے۔

آپ کا بچہ ممکنہ طور پر تعلیمی سال میں مختلف اوقات میں اور سیکھنے کے مختلف شعبوں میں ابھرتا ہوا (امرجنگ) یا ترقی پزیر (ڈویلپنگ) ہو گا۔ لیکن وہ ہمیشہ تعلیمی سال کے آغاز میں ابھرتے ہوئے (امرجنگ) یا ترقی پذیر (ڈویلپنگ) نہیں ہوں گے۔ اور یہ صرف تعلیمی سال کے اختتام ہی نہیں ہوگا کہ وہ ماہر(پروفیشیئنٹ) تک پہنچ جائیں۔

مہارت (پروفیشیئنٹ) کا مطلب یہ نہیں ہے کہ سیکھنا رک جاتا ہے۔ اگر کوئی بچہ تعلیمی سال کے دوران ماہرانہ (پروفیشیئنٹ) سمجھ کے ساتھ شروع کرتا ہے یا مہارت (پروفیشیئنٹ) حاصل کرتا ہے، تو اس کا مقصد اپنی تعلیم کومزید آگے بڑھانا ہے۔




**ہم سے رابطہ کریں:** student.reporting@gov.bc.ca پر

## ابھرتے ہوئے(امرجنگ)

ابھرتا ہوا (امرجنگ) کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کا بچہ سیکھنے کے کسی ایک شعبے میں کامیاب نہیں ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ کچھ سمجھنے لگا ہے۔ وہ اب بھی سیکھ رہا ہے لیکن آگے بڑھنے کے لیے اسے مزید مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

## ترقی پزیر(ڈویلپنگ)

ابھرتے ہوئے (ایمرجنگ) کی طرح، ترقی پذیر(ڈویلپنگ) ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کا بچہ سیکھنے کے شعبے میں کامیاب نہیں ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ کچھ چیزوں کو سمجھتا ہے لیکن پھر بھی اسے کچھ چیزوں پر محنت کرنا باقی ہے۔

## ماہر(پروفیشیئنٹ)

ماہر(پروفیشیئنٹ) آپ کے بچے کا مقصد ہے۔ یہ تمام طلباء کے لیے بھی ایک مقصد ہے۔ جب آپ کا بچہ ماہر ہوتا ہے، اس کا مطلب ہے کہ وہ مطلوبہ تعلیم کو پوری طرح سمجھتا ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ان کا سیکھنا بند ہو جاتا ہے۔

## توسیع (ایکسٹنڈنگ)

توسیع تب ہوتی ہے جب آپ کا بچہ گہری سمجھ کا مظاہرہ کرتا ہے اور اپنی تعلیم کو نئے اور مختلف طریقوں سے لاگو کرنے کے قابل ہوتا ہے۔ سیکھنے کے ہر شعبے میں توسیع کرنا تمام طلباء کا مقصد نہیں ہوتا ہے۔

# وضاحتی رائے (Descriptive Feedback) کیا ہے؟



## وضاحتی رائے (Descriptive Feedback)

- آپ کو بتاتی ہے کہ آپ کا بچہ کیا کر سکتا ہے
- آپ کو بتاتی ہے کہ آپ کے بچے کو کس چیز پر محنت کرنے کی ضرورت ہے
- آپ کو بتاتی ہے کہ آپ کا بچہ کلاس روم میں کیسے بات چیت کرتا ہے
- آپ کے بچے کو ان کی تعلیم کو آگے بڑھانے میں مدد کرنے کے لیے حکمت عملی فراہم کرتی ہے



## اساتذہ کی طرف سے وضاحتی رائے (Descriptive Feedback) کی اتنی اہمیت کیوں ہے؟

وضاحتی تاثرات (descriptive feedback) وہ تحریری تبصرے ہیں جو آپ اپنے بچے کے رپورٹ کارڈ پر دیکھیں گے۔ کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک تمام گریڈز کے تمام طلباء کے لیے وضاحتی تاثرات (descriptive feedback) قابل قدر ہیں۔

گریڈز K سے 9 میں، آپ کا بچہ ریاضی میں "ماہر" ("پروفیشیئنٹ") اور انگریزی میں "ترقی پذیر" ("ڈویلپنگ") حاصل کر سکتا ہے۔ پہلی نظر میں، آپ فرض کر سکتے ہیں کہ آپ کا بچہ ریاضی میں "اچھا" اور انگریزی میں "خراب" ہے۔ لیکن یہ دراصل ایسا نہیں ہے۔ تمام طلباء کے پاس دونوں چیزیں ہیں، طاقتیں اور ایسے شعبے جن پر وہ اب بھی محنت کر رہے ہیں۔

گریڈ 10 سے 12 میں، صرف لیٹر گریڈز (letter grades) اور فیصد (percentages) اس بات کی پوری تصویر فراہم نہیں کریں گے کہ وہ ایک سیکھنے والے (learner) کے طور پر کون ہیں۔ یہی وہ جگہ ہے جہاں وضاحتی تاثرات کام آتے ہیں۔ اساتذہ آپ کو تحریری رائے دیں گے جو واضح طور پر بتائے گا کہ آپ کا بچہ کیا کر نے کے قابل ہے۔ یہ آپ کو یہ بھی بتائے گا کہ آپ کے بچے کو اپنی تعلیم میں آگے بڑھنے کے لیے کن چیزوں پر محنت کرنے کی ضرورت ہے۔



## آپ کا بچہ کیا کرنے کے قابل ہے اس کے بارے میں معلومات


سیکھنا مختلف طلباء کے لیے مختلف رفتار سے ہوتا ہے۔ آپ کے بچے کا رپورٹ کارڈ آپ کو واضح طور پر بتائے گا کہ آپ کا بچہ کیا کر سکتا ہے اور اسے اپنے سیکھنے کے ہر شعبے میں کتنی محنت کی ضرورت ہے۔ وضاحتی تاثرات (descriptive feedback) استاد کے مختصر تحریری تبصرے ہیں جو آپ کے بچے کی موجودہ سیکھنے کی طاقت اور کلاس روم کےاس کے رویے کی وضاحت کرتے ہیں۔

## جن چیزوں میں آپ کے بچے کو محنت کرنے کی ضرورت ہے ان کے بارے میں معلومات

آپ کے بچے کے رپورٹ کارڈ میں موجود معلومات حیران کن نہیں ہونی چاہیے۔ مثالی طور پر، رپورٹ کارڈ حاصل کرنے سے پہلے، آپ کو اپنے بچے کے استاد سے کسی بھی ایسے شعبے کے بارے میں سننا چاہیے جن میں بہتری کی ضرورت ہے، چاہے وہ ان کے سیکھنے سے متعلق ہو یا ان کے رویے سے متعلق ہو۔

لیکن رپورٹ کارڈ اس بارے میں تحریری معلومات بھی فراہم کرے گا کہ آپ کا بچہ کیا کر سکتا ہے اور جن شعبوں پر اسے محنت کرنے کی ضرورت ہے۔ استاد ایسے طریقے بیان کر سکتا ہے جن سے آپ گھر میں اپنے بچے کی مدد کر سکتے ہیں۔ وہ یہ بھی بتا سکتے ہیں کہ کلاس میں آپ کے بچے کی تعلیم کو بہتر بنانے اور ان کے آگے بڑھنے کے لیے کس طرح مدد کی جا رہی ہے۔





## آپ کے بچے کی کام کی عادات اور رویے کے بارے میں معلومات

آپ کے بچے کے نمبر (پروفیشینسی اسکیل پر، یا لیٹر گریڈز (letter grades) اور فیصد(percentages) پر)) ہر شعبے میں اس کی تعلیم کی عکاسی کرتے ہیں۔ تحریری تبصروں (descriptive feedback) میں آپ کے بچے کی کام کی عادات اور طرز عمل سے متعلق معلومات شامل ہیں۔

درجہ بندی (گریڈنگ) اور رپورٹنگ تادیبی ٹولزنہیں ہیں۔ مثال کے طور پر، طلباء کلاس میں جم کے کپڑے نہ لانے کی وجہ سے اپنے گریڈ کا 10% نہیں کھو سکتے ہیں، اور ان کے دیر سے آنے کی سزا کے طور پر ان سے نمبر چھینے نہیں جا سکتے۔

لیکن اس کے باوجود بھی اسکول میں رویہ کی اہمیت ہے۔ اگر کوئی طالب علم کلاس میں نہیں آتا ہے یا حصہ نہیں لیتا ہے، تو اساتذہ کے لیے اس کی تعلیم کا اندازہ لگانا مشکل ہو جائے گا۔

والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات

# میرا بچہ خود کی عکاسی اور اہداف کا تعین کیوں کر رہا ہے؟



## خود کی عکاسی اور اہداف کا تعین:

- آپ کے بچے کو کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک سیکھنے کے عمل میں فعال طور پر شامل کرتا ہے
- آپ کے بچے کو ان کی طاقتوں اور چیلنجز کو سمجھنے میں مدد کرتا ہے
- آپ کے بچے کو اہداف طے کرنے اور ان کے لیے کام کرنے کا طریقہ سکھاتا ہے
- وہ مہارتیں تیار کرتا ہے جو آپ کے بچے کو اسکول اور مستقبل میں کامیاب ہونے کے لیے درکار ہوں گی




## خود کی عکاسی اور اہداف کا تعین طلباء کی کیسے مدد کر سکتا ہے؟

ہماری دنیا مسلسل بدل رہی ہے۔ طلباء کے لیے حقائق اور معلومات سیکھنا اب بھی اہم ہے، لیکن طلباء کے لیے یہ سیکھنا بھی اہم ہے کہ کس طریقے سے سوچا جائے، بات چیت کیسے کی جائے اور دوسروں کے ساتھ باہمی تعملات (انٹرایکٹ) کیسے کی جائے۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں بنیادی اہلیتیں (Core Competencies) کام آتی ہیں۔ بنیادی اہلیتیں(Core Competencies) بی سی(BC) کے نصاب کا حصہ ہیں، لہذا ہر روز اسکول جائے پر آپ کا بچہ ان مہارتوں کی تعمیر کر تا رہے گا۔

،

طالب علموں کے لیے ابتدائی عمر سے سیکھ پانےکے لیے خود کی عکاسی اور ہدف کا تعین اہم زندگی کی مہارتیں (life skills) ہیں۔ یہ مہارتیں انہیں اسکول اور مستقبل دونوں میں، بشمول روزگارکی جگہ میں، کامیاب ہونے میں مدد کریں گی۔ خود کی عکاسی اور اہداف کا تعین آپ کے بچے کو خود کو بہتر طور پر سمجھنے، اپنےاہداف کی طرف کام کرنے اور ان اہداف کو حاصل کرنے، اور اپنی کامیابیوں کا جشن منانے میں مدد کریں گے۔

**والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات**

## بنیادی اہلیتیں (Core Competencies) کیا ہیں؟

بنیادی اہلیتیں (مواصلات، سوچ، اور ذاتی اور سماجی) بی سی (BC) کے نصاب کا حصہ ہیں۔ ان مہارتوں کو سیکھنا طلباء کو اسکول، کام کی جگہ، اور دوسروں کے ساتھ اپنے تعلقات میں کامیابی کے لیے تیار کرتا ہے۔

آپ کی طرح، آپ کے بچے کا استاد ہر روز آپ کے بچے کی ان مہارتوں کو بنانے میں مدد کر رہا ہے۔ اس کے ذریعے آپ کا بچہ صحت مند دوستی رکھنے، دوسروں کا خیال رکھنے، دوسروں کے ساتھ اچھی طرح بات چیت کرنے، تنقیدی انداز میں سوچنے اور مسائل کو حل کرنے کا طریقہ سیکھے گا۔



## خود کی عکاسی اور ہدف کا تعین کیا ہے؟

آپ کا بچہ اپنی بات چیت، سوچ اور سماجی مہارتوں (بنیادی صلاحیتوں) پر غور کرے گا۔ خود کی عکاسی اس وقت ہوتی ہے جب آپ کا بچہ ان مہارتوں کے بارے میں، جو اس نے تیار کی ہیں، گہرائی سے سوچتا ہے اور یہ کہ وہ ان مہارتوں کو کیسے بڑھا سکتا ہے۔

آپ کا بچہ بھی اہداف طے کرے گا۔ ہدف کا تعین سیکھنے کے ایک ہدف کا فیصلہ کرنا اور پھر اس کی طرف محنت کرنا ہے۔ جیسے جیسےآپ کا بچہ اہداف کا تعین کرتا ہے اور ان کے لیے محنت کرتا ہے، وہ اپنے مستقبل کو تشکیل دے رہا ہوتا ہے۔ جب انہیں کوئی مسئلہ درپیش ہوتا ہے، تو وہ پھنسنے کے بجائے تخلیقی حل تلاش کرنے کا طریقہ سیکھیں گے۔

تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ طلباء اس وقت بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں جب اپنے سیکھنے کے دوران ان کی سنی جاتی ہے۔ خود کی عکاسی اور مقصد کا تعین انہیں یہ موقع فراہم کرتی ہے۔



## آپ رپورٹ کارڈ پر کیا دیکھیں گے؟

بنیادی اہلیتوں (Core Competencies) پر خود کی عکاسی اور ہدف کے تعین کا عمل آپ کے بچے کے لیے معنی خیز ثابت ہونے کے مقصد سے بنائی گئی ہیں۔ وزارت کو صوبے کے تمام طلباء کے لیے مخصوص فارمیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ تحریری جواب، آرٹ پروجیکٹ، آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ، پورٹ فولیو اندراج، یا کچھ اور بھی ہوسکتا ہے۔ آپ کے بچے کا اسکول فیصلہ کرے گا کہ اسکول کے تمام طلباء کے لیے کون سی چیز سب سے زیادہ معنی رکھتی ہے۔

آپ کو موصول ہونے والی ہر تحریری رپورٹ پر، آپ کے بچے کا استاد آپ کو بتائے گا کہ آپ اپنے بچے کے تاثرات اور اہداف کہاں تلاش کر سکتے ہیں۔



**ہم سے رابطہ کریں:** student.reporting@gov.bc.ca پر

# مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میرا بچہ گریجویٹ ہونے کے راستے پر ہے؟



## گریجویشن اسٹیٹس اپ ڈیٹ:

- آپ کو اور آپ کے بچے کوبی سی (BC) میں گریجویشن کے مختلف راستوں کے بارے میں بتاتا ہے
- جن کورسز اور اسیسمنٹس کی آپ کے بچے کو گریجویٹ ہونے میں ضرورت ہے۔ ان تمام کو مکمل کرنے میں ان کی پیشرفت میں مدد کرتا ہے
- آپ کے بچے کو کورسز کے انتخاب میں مدد کرتا ہے
- آپ کو اور آپ کے بچے کو گریجویشن سے متعلق کسی بھی ممکنہ مسائل کے بارے میں پہلے سے آگاہ کرتا ہے



## گریجویشن اسٹیٹس اپ ڈیٹ کیوں؟

کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کے بچے کو گریجویٹ ہونے کے لیے کن کورسز کی ضرورت ہے؟ گریجویشن اسٹیٹس اپ ڈیٹ واضح طور پر بتاتا ہے کہ آپ کا بچہ کس گریجویشن کے راستے پر ہے اور آپ کو اس راستے کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔

جب آپ کا بچہ گریڈ 10سے12 میں ہوگا، تو وہ ہر جون میں اپنے رپورٹ کارڈ میں گریجویشن اسٹیٹس اپ ڈیٹ حاصل کرے گا۔ گریجویشن اسٹیٹس اپ ڈیٹ آپ کے بچے کی گریجویشن کے لیے درکار کورسز اور تشخیصات کو مکمل کرنے میں اس کی پیشرفت کا اسنیپ شاٹ (سرسری تصویر) فراہم کرتا ہے۔ یہ آپ کو دکھائے گا کہ کون سے کورسز اور اسیسمنٹ مکمل ہو چکے ہیں، آپ کا بچہ فی الحال کن کورسز میں داخلہ لے رہا ہے، اور اس کے گریجویٹ ہونے کے لیے ابھی بھی کیا کرنے کی ضرورت ہے۔

گریجویشن اسٹیٹس اپ ڈیٹ آپ کے بچے کو کورس کے انتخاب میں بھی مدد دے گا۔ یہ یقینی بناتا ہے کہ بہت دیر ہونے سے پہلے ہر کوئی گریجویشن کے متعلق کسی بھی مسائل سے آگاہ ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ بی سی (BC) میں گریجویٹ ہونے کے کچھ مختلف طریقے ہیں؟ گریجویشن کے مختلف راستوں میں کورس کے مختلف تقاضے ہوتے ہیں۔ طلباء کو مختلف صوبائی تشخیصات بھی کروانے کی ضرورت ہوگی۔

# والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات

## ڈاگ ووڈ ڈپلومہ (Dogwood Diploma)

برٹش کولمبیا سرٹیفکیٹ آف گریجویشن (ڈاگ ووڈ ڈپلومہ)۔ Dogwood ڈپلومہ کے ساتھ فارغ التحصیل ہونے کے لیے، طلباء کو گریڈ 10، 11 اور 12 میں کم از کم 80 کورس کریڈٹس حاصل کرنا ہوں گے، اور ایک صوبائی تشخیص ریاضی میں اور دو خواندگی میں لینا ہوں گی۔

## ڈوئل ڈاگ ووڈ (Dual Dogwood)

فرانکوفون اسکول یا بی سی(BC) میں فرانسیسی ایمرشن پروگراموں میں طلباء دو سرٹیفکیٹس حاصل کر سکتے ہیں: ایک فرانسیسی میں (Diplôme de fin d'études secondaires en Colombie-Britannique)اور دوسرا انگریزی میں (Dogwood Diploma)۔ دونوں سرٹیفکیٹس حاصل کرنے کے لیے، طلباء کے لیے لازمی ہے کہ وہ :

- ڈاگووڈ ڈپلومہ (Dogwood Diploma)گریجویشن کی تمام ضروریات کو پورا کریں
- گریڈ 10، 11 اور 12 میں سے ہر ایک میں اضافی فرانکوفون یا فرانسیسی ایمرشن کورسز لیں
- فرانسیسی زبان میں پڑھائے جانے والے کورسز میں گریجویشن کے لیے کم از کم 12 مزید کریڈٹس حاصل کریں
- ریاضی میں اور خواندگی میں، جو ان کے پروگرام کے لیے مخصوص ہیں، صوبائی تشخیص کروائیں

## بالغ گریجویشن ڈپلومہ (Adult Graduation Diploma)

بی سی (BC)ان بالغوں کے لیے ایک متبادل راستہ پیش کرتا ہے جو اپنا ڈپلومہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ برٹش کولمبیا ایڈلٹ گریجویشن ڈپلومہ (بی سی اے جی ڈی British Columbia Adult Graduation Diploma (BCAGD) کو ڈاگووڈ ڈپلومہ(Dogwood Diploma) کے لیے درکار 80 کریڈٹس کے بجائے مطالعہ کے 20 کریڈٹس درکار ہیں۔ بالغوں کے گریجویشن پروگرام (Adult Graduation Program) میں داخل ہونے کے لیے طلباء کی عمر کم از کم 18 سال ہونی چاہیے۔

اگر اسکول جانے والا طالب علم (عمر 18 یا19 سال) بی سی گریجویشن پروگرام سے ایڈلٹ گریجویشن پروگرام(Adult Graduation Program) میں منتقل ہونے پر غور کر رہا ہے، تو اسکول کو یقینی بنانا چاہیے کہ طالب علم اور ان کے والدین یا نگہداشت کرنے والے کوبی سی ای جی ڈی (BCAGD) کے مضمرات اور ممکنہ حدود سے پوری طرح آگاہ کیا جائے، بشمول ڈاگووڈ (Dogwood) اور (Adult Dogwood) کی اسناد کے درمیان فرق اور پوسٹ سیکنڈری کے لیے ضروری شرائط۔



## ایور گرین سرٹیفکیٹ (Evergreen Certificate)

اسکول کی تکمیل کا سرٹیفکیٹ (ایور گرین سرٹیفکیٹ) کامیاب سیکھنے کی پہچان اور جشن ہے، لیکن یہ گریجویشن ڈپلومہ نہیں ہے۔ یہ ضروری ہے کہ طلباء اور ان کے والدین یا دیکھ بھال کرنے والے یہ سمجھیں کہ ایور گرین ذاتی سیکھنے کے اہداف کی تکمیل کی نمائندگی کرتا ہے لیکن گریجویشن کی نمائندگی نہیں کرتا ہے۔ انہیں یہ بھی سمجھنے کی ضرورت ہے کہ اس فیصلے کا طالب علم کے مستقبل پر کیا اثر پڑ سکتا ہے۔

کسی بچے کو ایور گرین پاتھ وے(Evergreen pathway) پر ڈالنے کا فیصلہ گریڈ 10 سے پہلے نہیں کیا جانا چاہیے اور اس میں طالب علم کے والدین یا دیکھ بھال کرنے والے کی باخبر رضامندی شامل ہونی چاہیے۔



## صوبائی تشخیصات (Provincial Assessments)

ایک طالب علم کی گریجویشن کی ضرورت میں خواندگی اور ریاضی کے 3 صوبائی اسسمنٹ لینا شامل ہوگا اور اس میں ڈوئل ڈاگ ووڈ (Dual Dogwood)کے لیے فرانسیسی زبان میں اضافی اسیسمنٹ شامل ہو سکتے ہیں۔ انہیں جو مخصوص جائزے لینے کی ضرورت ہے وہ ان کے گریجویشن اسٹیٹس اپ ڈیٹ (Graduation Status Update) میں درج ہوں گے۔

ایڈلٹ گریجویشن ڈپلومہ (Adult Graduation Diploma) یا ایورگرین (Evergreen) پروگراموں میں طلباء کو یہ تشخیص کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔

**ہم سے رابطہ کریں:** student.reporting@gov.bc.ca پر

# اضافی معلومات

ہم سمجھتے ہیں کہ اس کتابچے کو پڑھنے کے بعد بھی آپ کے سوالات ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس بی سی (BC) میں طالب علم کی رپورٹنگ میں آنے والی تبدیلیوں کے بارے میں سوالات ہیں، تو براہ کرم student.reporting@gov.bc.ca پر ای میل کے ذریعے وزارت سے رابطہ کریں۔

رپورٹ کارڈز کے بارے میں مزید مخصوص سوالات کے لیے، آپ اپنے بچے کے استاد، پرنسپل، یا اسکول کے ضلعی عملے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ وہ آپ کو اس بارے میں معلومات فراہم کرنے کے قابل ہوں گے کہ آپ کے بچے کے اسکول یا اسکول ڈسٹرکٹ میں رپورٹنگ کیسی دکھتی ہے۔

آپ مندرجہ ذیل ویب پیجز پر طالب علم کی تعلیم کے بارے میں مزید معلومات بھی حاصل کر سکتے ہیں:

- بی سی کا نصاب (BC's Curriculum) - https://curriculum.gov.bc.ca/
- بنیادی مہارتیں Core Competencies - https://curriculum.gov.bc.ca/competencies
- گریجویشن پروگرام ہینڈ بک (Graduation Program Handbook) - https://www2.gov.bc.ca/assets/gov/education/administration/kindergarten-to-grade-12/graduation/handbook_of_procedures.pdf
- انڈیجنس فوکسڈ گریجویشن ریکوائرمنٹ - (Indigenous-Focused Graduation Requirement) - https://www2.gov.bc.ca/gov/content/education-training/k-12/support/indigenous-focused-graduation-requirements
- صوبائی تشخیصات – (Provincial assessments) - https://curriculum.gov.bc.ca/provincial/assessment





BRITISH COLUMBIA


ای میل

student.reporting@gov.bc.ca

ویب سائٹ

https://curriculum.gov.bc.ca/